# حجّیؔ
# کی نبُوّت

## یَاہوِہ کا بیت المُقدّس تعمیر کرنے کی دعوت

[1] دارِیاوِیشؔ بادشاہ کی حُکومت کے دُوسرے سال کے چھٹے مہینے
کی پہلی تاریخ کو شیالتی ایل کے بیٹے زرُبّابِل کو جو یہُوداہؔ کا حاکم تھا
اَور یہُوصدقؔ کے بیٹے اعلیٰ کاہِن یہوشُعؔ کو حجّیؔ نبی کی مَعرفت یَاہوِہ
کا کلام پہُنچا۔
[2] قادرمُطلق یَاہوِہ یُوں فرماتے ہیں: ”یہ لوگ کہتے، ’ابھی یَاہوِہ کے
بیت المُقدّس کو تعمیر کرنے کا وقت نہیں آیا ہے۔‘ “
[3] تَب یَاہوِہ کا کلام حجّیؔ نبی کی مَعرفت پہُنچا:
[4] ”کیا تُمہارے لیٔے خُود پکّی چھت گھروں میں رہنے کا یہ وقت
ہے، جَب کہ بیت المُقدّس ویران پڑا ہے؟“
[5] اَب قادرمُطلق یَاہوِہ یُوں فرماتے ہیں: ”تُم اَپنی روِش پر غور کرو۔
[6] تُم نے بہت سا بویا پر تھوڑا کاٹا۔ تُم کھاتے ہو پر آسُودہ نہیں
ہوتے۔ تُم پیتے ہو پر پیاس نہیں بُجھتی۔ تُم کپڑے پہنتے ہو پر گرم نہیں
ہوتے۔ تُم اَپنی کمائی ہُوئی مزدُوری سوراخ دار تھیلی میں رکھتے ہو۔“
[7] قادرمُطلق یَاہوِہ فرماتے ہیں: ”اَپنی روِش پر غور کرو۔

8 پہاڑوں پر جاؤ اَور لکڑی لا کر میرا بیت المُقدّس تعمیر کرو تا کہ اُسے
دیکھ کر مُجھے خُوشی مِلے اَور میری تمجید ہو۔“ یَاھوِہ کا یہی فرمان
ہے۔
9 تُم نے بہت فصل پانے کی اُمّید رکھی لیکن تھوڑا ھی مِلا اَور جَب
تُم اُسے لے کر اَپنے گھر لائے تو مَیں نے اُسے اُڑا دیا۔ کیوں؟ کیونکہ
قادرمُطلق یَاھوِہ یُوں فرماتے ہیں، کیونکہ میرا بیت المُقدّس ویران ہے
اَور تُم میں سے ہر ایک اَپنے اَپنے گھر میں مصروف ہے۔
10 اِس لِئے تمہاری وجہ سے آسمان سے شبنم نہیں گرتی اَور زمین اَپنی
پُوری فصل نہیں دیتی۔
11 اِس لئے مَیں نے حُکم دیا ہے کہ کھیتوں اَور پہاڑوں پر، اناج،
نئی انگور کی مے، زَیتُون تیل اَور زمین کی ساری پیداوار پر اَور اِنسانوں
اَور حَیوانوں پر اَور تمہارے ھاتھ کی تمام محنت پر خشک سالی کو طلب
کیا۔

12 تَب شیالتی ایل کے بیٹے زرُبّابِل اَور یہُوصدقؔ کے بیٹے یہوشُعؔ اعلیٰ
کاہِن اَور تمام باقی لوگوں نے اَپنے یَاھوِہ کے کلام کی فرمانبرداری کی
اَور حجّیؔ نبی کے پیغام کو سُنا کیونکہ یَاھوِہ اُن کے خُدا نے اُسے بھیجا
تھا۔ اَور لوگ یَاھوِہ سے خوفزدہ ہُوئے۔
13 تَب یَاھوِہ کے پیغمبر حجّیؔ نے یَاھوِہ کا پیغام اُن لوگوں کو سُنایا:
یَاھوِہ اعلان کرتے ہیں کہ، ”مَیں تمہارے ساتھ ہُوں۔“
14 تَب یَاھوِہ نے شیالتی ایل کے بیٹے زرُبّابِل یہُوداہؔ کے حاکم اَور
یہُوصدقؔ کے بیٹے یہوشُعؔ اعلیٰ کاہِن اَور باقی لوگوں کی رُوح کو اُبھارا

اَور اُنھُوں نے آکر اَپنے قادرمُطلق یَاھوِہ کے بیت المُقدّس میں کام کرنا
شروع کر دیا۔
15 یہ کام دارِیاوِیشؔ بادشاہ کی سلطنت کے دُوسرے سال کے چھٹے
مہینے کی چوبیس تاریخ کو ھُوا۔

## نیا بیت المُقدّس کا جلال

بادشاہ دارِیاوِیشؔ کے دُوسرے سال میں،

# 2

1 ساتویں مہینے کی اِکیّسویں تاریخ کو یَاھوِہ کا کلام حجّیؔ نبی کی
مَعرفت پہُنچا:
2 ”شیالتی ایل کے بیٹے زرُبّابِیل یہُوداہؔ کے حاکم اَور یہُوصدقؔ کے بیٹے،
اعلیٰ کاھِن یہوشُعؔ اَور باقی لوگوں سے بات کرو اَور اُن سے پُوچھو،
3 ’تُم میں سے اَب کون بچا ھے جِس نے اِس بیت المُقدّس کی پہلی
شان و شوکت دیکھی تھی؟ اَور اَب یہ تُمھیں کیسی دِکھائی دیتی ھے؟
کیا یہ سچ نہیں ھے کہ اَب یہ تمھاری نظر میں اُس پہلے بیت المُقدّس کی
موازنہ میں کُچھ بھی نہیں ھے؟
4 لیکن اَے زرُبّابِیل اَب مضبُوط ھو جا،‘ یَاھوِہ اعلان کرتے ھیں،
’اَور اَے یہُوصدقؔ کے بیٹے، اعلیٰ کاھِن یہوشُعؔ ھمّت رکھ۔ اَے مُلک
کے سَب لوگوں یَاھوِہ اعلان کرتے ھیں کام شروع کرو اَور ھمّت رکھو
کیونکہ مَیں تمھارے ساتھ ھُوں،‘ قادرمُطلق یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں۔

5 'جَب مُلک مِصر سے تُم باہر نکلے تھے تَب اُس وقت مَیں نے
تُم سے یہ عہد کیا تھا اَور اُس کے مُطابق میری رُوح تمہارے درمیان
مَوجُود ہے، اِس لئے خوف نہ کرو۔'
6 "کیونکہ قادرمُطلق یَاہوِہ فرماتے ہیں، 'مَیں تھوڑی ہی دیر میں پھر
ایک بار آسمانوں، زمین، سمُندر اَور خُشکی کو ہلاؤں گا۔
7 میں سَب قوموں کو ہلا دُوں گا اَور سَب قوموں کی مرغوب اَشیا
آئیں گی اَور مَیں اِس بیت المُقدّس کو اَپنی جلال سے بھر دُوں گا۔' یہ
قادرمُطلق یَاہوِہ کا فرمان ہے۔
8 قادرمُطلق یَاہوِہ اعلان کرتے ہیں، چاندی میری ہے اَور سونا بھی
میرا ہے۔
9 اِس پچھلے بیت المُقدّس کی شان و شوکت پہلے والے بیت المُقدّس
سے زِیادہ ہوگی۔ قادرمُطلق یَاہوِہ فرماتے ہیں۔ اَور مَیں اِس مقام میں
سلامتی بخشوں گا۔ یہ قادرمُطلق یَاہوِہ کا فرمان ہے۔"

## ناپاک لوگوں کے لئے برکتیں

10 دارِیاوِیشؔ بادشاہ کی حُکومت کے دُوسرے سال کے نویں مہینے
کی چوبیسویں تاریخ کو یَاہوِہ کا یہ کلام حجّیؔ نبی کے پاس آیا:
11 "قادرمُطلق یَاہوِہ فرماتے ہیں، کاہِنوں سے دریافت کرو کہ آئین
کیا کہتی ہے،
12 اگر کوئی شخص پاک گوشت کو اَپنے لباس کے دامن میں لے
جا رہا ہو اَور اُس کا دامن روٹی، دال یا مَے یا تیل یا کسی طرح کی
کھانے کی چیز سے چھُو جائے، تو کیا وہ پاک ہو جائے گا؟"
کاہِنوں نے جَواب دیا، "نہیں۔"

13 تَب حجّی نے پُوچھا، ”اگر کوئی مُردہ کو چھُونے سے ناپاک ہو
گیا ہو اَور اُن چیزوں میں سے کسی کو چھُوئے تو کیا وہ چیز ناپاک ہو
جائے گی؟“
کاہِنوں نے جَواب میں کہا، ”ضرُور ناپاک ہو جائے گی۔“
14 پھر حجّی نے کہا، یَاہوِہ فرماتے ہیں، میری نظر میں اِن لوگوں
اَور اِس قوم کا یہی حال ہے۔ اِن کے ہر کام کا جو وہ کرتے ہیں
یہی حال ہے اَورجو کچھ اِس جگہ نذر کرتے ہیں، وہ ناپاک ہے۔
15 پس اَب آج سے آئندہ کو اِس کا خیال رکھو کہ پہلے یہ چیزیں
کیسی تھیں، جَب یَاہوِہ کے بیت المُقدّس میں ایک پتّھر پر دُوسرا پتّھر
نہیں رکھا گیا تھا۔
16 اُس وقت جَب کویٔی بیس پیمانوں کی اُمّید رکھتا تھا تو اُسے صرف
دس ہی ملتے تھے اَور جَب کویٔی انگوری حوض سے پچاس پیمانے مَے
نکالنے جاتا تھا تو اُسے بیس ہی ملتے تھے۔
17 مَیں نے تمہارے کھیتی کے سَب کاموں میں اَمراض، پھپھُوندی،
اولے سے مارا پھر بھی تُم میری طرف رُجُوع نہ ہُوئے۔ یَاہوِہ کا یہی
اعلان ہے۔
18 اَب ذرا غور کرو کہ آج سے پہلے یعنی جِس دِن یَاہوِہ کے بیت
المُقدّس کی بُنیاد ڈالی گئی تھی، اُس دِن سے لے کر نویں مہینے کی اِسی
چوبیسویں تاریخ تک کیا حالت تھی اِس پر ذرا خاص خیال کرنا۔
19 کیا ابھی تک کوئی بیج کھتّے میں بچا ہے؟ ابھی تک انگور، اَنجیر،
انار اَور زَیتُون کے درختوں میں کوئی پھل نہیں لگا ہے۔
لیکن آج ہی کے دِن سے میں تُمھیں برکت دیتا رہُوں گا۔

## زرُبّابِیل یَاہوِہ کے انگُشتری کی مہُر

20 پھر اِسی مہینے کی چوبیس تاریخ کو یَاھوِہ کا کلام حجّی نبی پر
نازل ہُوا،
21 ”یہُودیہ کے حاکم زرُبّابِیل سے فرما، میں آسمانوں اَور زمین کو
ھلاؤں گا۔
22 میں سلطنتوں کے تخت اُلٹ دُوں گا اَور غَیر قوموں کی طاقت کو
برباد کر دُوں گا۔ میں رتھوں کو اُن کے سواروں سمیت اُلٹ دُوں گا؛
اَور اُن کے گھوڑے اَور سوار اَپنے ھی بھائی کی تلوار سے قتل ھوں
گے۔
23 ”قادرمُطلق یَاھوِہ فرماتے ھیں، ’اَے میرے خادِم شیالتی ایل کے
بیٹے زرُبّابِیل، اُس دِن، مَیں تُجھے لُوں گا،‘ یہ یَاھوِہ کا فرمان ھے، ’اَور
اَپنی انگُشتری کا نگینہ بناؤں گا کیونکہ مَیں نے تُمھیں مُنتخب کیا ھے،‘
یہ قادرمُطلق یَاھوِہ کا فرمان ھے۔“

# ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

Biblica® ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https:// creativecommons.org/ licenses/ by-sa/ 4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
Biblica® ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
"Biblica" ریاست اَور متحدہ ہائے کے حُقُوق کی سند اَور رجسٹرڈ تجارتی نشان دَفتر میں درج ہے۔ Biblica Inc کےذریعہ اجازت سے استعمال کیا جاتا ہے۔
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

You include the above copyright and source information.

If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.

If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f